علم | صحت | روزگار

ماہنامہ
# دوآبہ گزٹ
DOABA GAZETTE

مظفرگڑھ ملتان

ایڈیٹر: شائرین رانا

چیف ایڈیٹر
لیاقت علی تمیمی

مینجنگ ایڈیٹر
جاوید اقبال تمیم

جلد نمبر 18 | دسمبر 2024ء، صفحات 4، قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 10


## سی بی ایم پارٹنرز ورکشاپ: افراد باہم معذوری کی پائیدار ترقی کیلئے باہمی تعاون کا اعادہ

### پارٹنرز ایک دوسرے سے سیکھیں اور ساتھ مل کر کام کرنے کی روایات کو فروغ دیں، کنٹری ڈائریکٹر سی بی ایم فہمیدہ حسن، دوآبہ فاؤنڈیشن اور ایل آر بی ٹی کو ''بہترین امپلیمینٹیشن ایوارڈ'' دیا گیا

کراچی (شازیہ سرور) سی بی ایم کنٹری آفس پاکستان کے زیر اہتمام 24 اکتوبر کو کراچی میں دو روزہ سالانہ پارٹنرشپ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں سی بی ایم کے پاکستان میں تمام پارٹنرز نے اپنے منصوبوں کی پراگریس شیئر کی۔ ورکشاپ میں سی بی ایم کے 12 سے زائد شراکت دار اداروں نے شرکت کی، جنہوں نے ترقیاتی منصوبوں کی کامیابیاں، چیلنجز اور بہترین عملی اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر شراکت دار اداروں نے زور دیا کہ افراد باہم معذوری کی شراکت کے بغیر ترقی ممکن نہیں ہے اس لیے ترقیاتی منصوبوں اور پالیسیوں میں افراد باہم معذوری کی ضروریات اور حقوق کو شامل کیا جائے تاکہ وہ بھی معاشرتی اور اقتصادی ترقی میں برابر کے شریک ہو سکیں۔ اس موقع پر کنٹری ڈائریکٹر سی بی ایم فہمیدہ حسن نے پاکستان میں پارٹنرز کو ایک دوسرے سے سیکھنے اور ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرنے کی روایات کو فروغ دینے پر زور دیا۔ ریجنل ڈائریکٹر سی بی ایم اسفند یار نے ورکشاپ میں آئندہ تین سالوں کے دوران سی بی ایم کنٹری پروگرام کی اہمیت اور ترجیحات کو واضح طور پر پیش کیا۔ کنٹری ہیڈ فنانس فدا حسین نے شراکت دار اداروں پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ حکومت اور ڈونرز کے مقرر کردہ اصولوں، قوانین اور معیارات کے حوالے سے دی گئی ہدایات پر عمل یقینی بنانے کے لیے کوشاں ہیں اور آئندہ بھی اس عمل کو جاری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)








سی بی ایم کی کنٹری ہیڈ مس فہمیدہ حسن اور مسٹر اسفندیار، منیجر پروگرامز جاوید اقبال اور پراجیکٹ منیجر شازیہ سرور اور شاہد وسیم کو ایوارڈ دے رہے ہیں، دوسری جانب دوآبہ فاؤنڈیشن ٹیم کا سی بی ایم ٹیم کے ہمراہ گروپ فوٹو، کنٹری منیجر اور منیجر پروگرامز دوآبہ فاؤنڈیشن سٹال کا جائزہ لیتے ہوئے

# غذائی قلت کے خاتمے کیلئے ملٹی سیکٹورل نیوٹریشن اسٹریٹیجی کا آغاز

### حکمت عملی مختلف شعبوں میں صف بندی کو یقینی بناتی ہے: چیف نیوٹریشن یونیسف پاکستان انتینہ گرماناس


لاہور (نمائندہ خصوصی) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ (پی این ڈی بورڈ) کا غذائی قلت کو پورا کرنے کے لیے اہم اقدام، ملٹی سیکٹورل نیوٹریشن سٹریٹجی 2024-30 لانچ کر دی۔ تقریب کی صدارت ممبر ہیلتھ نیوٹریشن اینڈ پاپولیشن پی اینڈ ڈی بورڈ شفاعت علی نے کیا اور اس بات پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ ملٹی سیکٹورل نیوٹریشن سیل صوبے بھر میں موثر کوارڈی نیشن کو یقینی بنانے کی مدد فراہم کرنے اور نگرانی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید اس بات پر زور دیا کہ صحت، تعلیم، آبادی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

## صنعت زار ملتان میں ہاتھ سے بنے ملبوسات اور ثقافتی اشیاء کی نمائش

### ڈویژنل انتظامیہ اور محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیر اہتمام نمائش میں دوآبہ فاؤنڈیشن ٹیم نے ہنرمند خواتین کی ہاتھ سے تیار کردہ مصنوعات رکھیں

ملتان (سٹاف رپورٹر) ڈویژنل انتظامیہ اور محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیر اہتمام ڈویژنل صنعتی نمائش کا انعقاد کیا گیا۔ کمشنر مریم خان اور ڈپٹی کمشنر وسیم حامد سندھو نے ڈویژنل ڈائریکٹر سوشل ملتان ام فروا ہمدانی کے ہمراہ صنعت زار میں نمائش کا افتتاح کیا۔ کمشنر اور ڈپٹی کمشنر نے نمائش میں ملبوسات، کھانے، کلچرل فن پاروں کے کاؤنٹرز کا بھی معائنہ کیا۔ سی بی ایم کے تعاون سے ڈی آئی ڈی آر آر پراجیکٹ کی طرف سے صنعت زار ملتان میں منعقدہ ڈویژنل صنعتی نمائش میں شرکت کی اور دوآبہ فاؤنڈیشن کی ٹیم نے اپنا سٹال لگایا جس میں قدرتی آفات اور افراد باہم معذوری سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)




## معیاری آپٹیکل سروسز تک رسائی، 1020 مریضوں کو خدمات کی فراہم

لیہ (سٹاف رپورٹر) پروجیکٹ ''مقامی کمیونٹیز کی معیاری آپٹیکل سروسز تک رسائی میں بہتری'' کے تحت برائن ہولڈن فاؤنڈیشن کی تکنیکی و سی بی ایم کی مالی معاونت سے نومبر میں کمیونٹی آپٹیکل نے اب تک 1020 مریضوں کو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

## سیلاب سے متاثرہ گھرانوں کو گندم پیداوار کیلئے بیج اور کھاد فراہم

### دوآبہ فاؤنڈیشن متاثرین کے معاشی حالات کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے



راجن پور (سٹاف رپورٹر) دوآبہ فاؤنڈیشن نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں زرعی بحالی کے لیے اہم قدم اٹھاتے ہوئے 110 متاثرہ گھرانوں کو گندم کی کاشت کے لیے لوسن کا بیج (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

## بچے ہمارا روشن مستقبل، ان کو اہمیت دی جائے: پرنسپل

### دوآبہ فاؤنڈیشن اور واٹرایڈ کے تعاون سے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول گیلے وال ضلع لودھراں میں بچوں کے عالمی دن کے موقع پر تقریب




لودھراں (نمائندہ خصوصی) بچوں کا عالمی دن منانے کا مقصد بچوں کو عالمی سطح پر صحت، تعلیم، خوراک اور کھیل کے حقوق کو اجاگر کرنا ہے کیوں کہ بچوں کو پاکستان میں کھیل کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

## سوشل ویلفیئر و بیت المال پنجاب اور دوآبہ فاؤنڈیشن میں باہمی یادداشت پر دستخط

لاہور (نمائندہ خصوصی) سوشل ویلفیئر و بیت المال ڈیپارٹمنٹ پنجاب اور دوآبہ فاؤنڈیشن میں باہمی یادداشت پر دستخط ہو گئے۔ تفصیل کے مطابق سماجی بہبود و بیت المال ڈیپارٹمنٹ پنجاب اور دوآبہ فاؤنڈیشن کے درمیان باہمی تعاون اور اشتراک کی مفاہمت طے پائی۔ اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

